# (معروضی حصہ)

تمام MCQS کے جوابات ان کے آخر میں دیئے گئے ہیں۔

1: نور الانوار کے مصنف کا نام ہے؟

1۔ ملا جیون　　2۔ ملا جامی　　3۔ سعد الدین　　4۔ خیر الدین

2۔ نور الانوار لکھنے کا سبب بنے؟

1۔ دوست　　2۔ رشتے دار　　3۔ اساتذہ　　4۔ طلباء

3۔ ہدایت کی اقسام ہیں؟

1۔1　　2　　3۔3　　4۔4

4۔ نور الانوار کے متن کا نام ہے؟

1۔ المنار　　2۔ المجاز　　3 المسئول　　4 ۔ الکرم

5۔ المنار کے مصنف کا نام ہے؟

1۔ عبداللہ بن احمد　　2۔ عبداللہ بن مبارک　　3۔ عبداللہ بن زید

6۔ جب ہدایت کی نسبت اللہ کی طرف ہو تو کونسا معنیٰ ہو گا؟

1۔ پہلا　　2۔ دوسرا　　3۔ دونوں

7۔ جب ہدایت کی نسبت قرآن یا رسول کی طرف ہو تو معنیٰ مراد ہو گا؟

Scanned with CamScanner

1-پہلا 2-دوسرا 3-دونوں

8-جب لفظ ہدایت حرف جر کے واسطے سے ہو تو معنیٰ مراد ہو گا؟

1-پہلا 2-دوسرا 3-دونوں

9-جب لفظ ہدایت بغیر حرف جر کے واسطے سے ہو تو مراد ہو گا؟

1-پہلا 2.دوسرا 3 -دونوں

10-والصلوۃ علی من اختص باالخلق--اختص سے مراد ہے؟

1-صحابہ اکرام 2-سرکار علیہ السلام 3-اہل بیت

11-نورالانوار میں خلق عظیم کے معنی بیان کیے ہیں؟

1-2 2-3 4-

12-نورالانوار میں آل کے معنی بیان کیے گئے ہیں؟

1-1 2-2 3-

13-مصنف کے نزدیک آل سے کیا مراد ہے؟

1-اہل بیت 2-اولاد رسول 3-ہر متقی مؤمن

14-ھووضع الھی سائق لذوی العقول باختیارھم المحمود----یہ تعریف ہے؟

1-عقل کی 2-دین کی 3-صحیفے کی

Scanned with CamScanner

15۔ حضور علیہ السلام کے دین کا مخصوص نام ہے؟

1۔ ارکان 2۔ اسلام 3۔ اجتہاد

16۔ دین قویم سے مراد کون سا دین ہے؟

1۔ دین موسیٰ 2۔ دین عیسیٰ 3۔ دین محمد

17۔ اصول جمع ہے۔۔۔۔۔۔؟

1۔ اصل کی 2۔ فرع کی 3۔ اصیل کے

18۔ الشرع اگر شارع کے معنی میں ہو تو الف لام۔۔؟

1۔ خارجی ہوگا 2۔ عہدی ہوگا 3۔ ذہنی ہوگا

19۔ الشرع اگر مشروع کے معنی میں ہو تو الف لام۔۔۔؟

1۔ خارجی ہوگا 2۔ جنسی ہوگا 3۔ ذہنی ہوگا

20۔ شرع اگر نام ہو۔۔۔۔۔ تو کسی تاویل کی ضرورت نہیں؟

1۔ دین کا 2۔ اسلام کا 3۔ قرآن کا

21۔ اصول شرع ہیں؟

1۔2 2۔3 4۔

22۔ یہ اصول فقہ ایسے ہی اصول ہیں؟

Scanned with CamScanner

1۔ علم منطق　2۔ علم کلام　3۔ علم تفسیر

23۔ کتاب سے مراد کتنی آیات ہیں؟

1-400　500۔　3-600

24۔ سنت سے مراد کتنی سنتیں ہیں؟

1-2000　2-2500　3000۔

25۔ اجماع امت سے مراد ہے؟

1۔ امت محمدی　2۔ امت موسیٰ　3۔ امت عیسیٰ

26۔ قیاس حرمتہ اللواطۃ علی حرمت الوطی۔۔۔ مثال ہے؟

1۔ کتاب اللہ کی　2۔ سنت کی　3۔ اجماع کی

27۔ قیاس حرمت تفاضل الجص والنورت علی حرمت الاشیاء الستہ۔۔۔۔ مثال ہے؟

1۔ کتاب اللہ　2۔ سنت کی　3۔ اجماع کی　4۔ قیاس کی

28۔ قیاس حرمت ام المزنیت علی حرمت ام امتہ۔۔ مثال ہے؟

1۔ کتاب اللہ　2۔ سنت کی　3۔ اجماع کی　4۔ قیاس کی

29۔ اصول شرع میں سے ظنی ہے؟

1۔ کتاب اللہ　2۔ سنت　3۔ اجماع　4۔ قیاس

Scanned with CamScanner

30۔ما قبل شریعت ملحق ہے۔۔؟

1۔کتاب اللہ سے 2۔سنت سے 3۔دونوں سے 4۔قیاس سے

31۔تعامل الناس ملحق ہے؟

1۔کتاب اللہ سے 2۔سنت سے 3۔اجماع سے 4۔قیاس سے

32۔استحسان ملحق ہے؟

1۔۔کتاب اللہ 2۔سنت 3۔اجماع 4۔قیاس

33۔اما الکتاب القرآن المنزل۔۔الکتاب میں الف لام ہے؟

1۔جنسی 2۔عھدی 3۔خارجی 4۔ذھنی

34۔المنزل کو پڑھنے کے طریقے ہیں؟

1۔1 2۔ 3۔3 4۔4

35۔قرآن کی تعریف میں المکتوب کا معنی ہے؟

1۔مجرد 2۔مثبت 3۔مختلف 4۔مکلف

36۔قرآن کی تعریف میں المصاحف میں الف لام ہے؟

1۔جنسی 2۔عھدی 3۔خارجی 4۔ذہنی

37۔نقلا متواترا بلا شبھه میں جمہور کے ساتھ اختلاف کرتے ہیں؟

Scanned with CamScanner

1۔امام کرخی　2۔امام خصاف　3۔امام ابن عبان　4۔امام حبان

38۔وھو اسم للنظم والمعنی ھو ضمیر کا مرجع ہے؟

1۔قرآن　2۔سنت　3۔اجماع　4۔اقوال صحابہ

39۔عربی پر قدرت کے باوجود امام اعظم نے قرات جائز قرار دی تھی؟

1۔فارسی میں　2۔اردو میں　3۔یونانی میں　4۔عبرانی ہیں

40۔امام اعظم نے ایسا فتوی کیوں دیا تھا وجہ کیا تھی؟

1۔عذر حقیقی　2۔عذر حکمی　3۔عذر تقدیری　4۔عذر تحقیقی

41۔لفظ الرمی کا معنی ہے؟

1۔چھوڑنا　2۔پھینکنا　3۔ملنا　4۔بچھڑنا

42۔کلام لفظی کے ساتھ کلام کی دوسری قسم کا نام ہے؟

1۔حضوری　2۔لغوی　3۔نفسی　4۔حقیقی

43۔احکام شرع کو جانا جاتا ہے جب پہچان ہو اس کی؟

1۔اقسام کی　2۔احکام کی　3۔استدلال کی　4۔اخراج کی

44۔کتاب اللہ کی بحث مشتمل ہے۔۔اقسام پر؟

1-3　2-4　3-5　4-6

Scanned with CamScanner

45۔فی وجوہ النظم صیغۃً ولغۃً ۔۔۔ یہ تعریف ہے تقسیم؟

1۔اول کی　　2۔دوم کی　　3۔ثالث کی　　4۔رابع کی

46۔صیغے سے مراد ہے؟

1۔حقیقت　　2۔ عبارت　　3 [illegible]　　4۔کوئی نہیں

47۔خاص، عام، مشترک، موول اقسام ہیں تقسیم؟

1۔اول کی　　2۔دوم کی　　3۔ثالث کی　　4۔رابع کی

48۔کل لفظ وضع لمعنی معلوم علی الانفراد۔۔ یہ تعریف ہے؟

1۔خاص کی　　2۔عام کی　　3مشترک کی　　4۔موول

49۔ان تترجح احد معنییہ یہ تعریف ہے؟

1۔خاص کی　　2۔عام کی　　3۔مشترک کی　　4۔موول کی

50۔مشترک میں تاویل کرنا کام ہے؟

1۔مجتہد کا　　2۔مفتی کا　　3۔محدث کا　　4۔مقلد کا

51۔فی وجوہ البیان بذلك النظم یہ نام ہے تقسیم کا؟

1۔اول کا　　2۔ثانی کا　　3۔ثالث کا　　4۔رابع کا

52۔ظاھر، نص، مفسر اور محکم یہ کس تقسیم کے تحت آتے ہیں؟

Scanned with CamScanner CamScanner

1۔ پہلی

2۔ دوسری

3۔ تیسری

4۔ چوتھی

53۔ فی وجوہ استعمال بذلک النظم یہ نام ہے تقسیم؟

1۔ اول کا

2۔ دوم کا

3۔ سوئم کا

4۔ رابع کا

54۔ ایک پانچویں قسم بھی ہے جو ان تمام کو شامل ہے اس کی اقسام ہیں؟

1۔1

2۔2

3۔3

4۔4

55۔ مصنف نے خاص کی تعریف میں لفظ کہا نظم نہیں جاری ہوتے ہوئے؟

1۔ حقیقت پر

2۔ مجاز پر

3۔ اصل پر

4۔ فرع پر

56۔ لفظ کا لغوی معنیٰ ہے؟

1۔ رکھنا

2۔ چھوڑنا

3۔ پھینکنا

4۔ بکھرنا

57۔ موتیوں کو لڑی میں پرونا یہ معنی ہے؟

1۔ لفظ کا

2۔ نظم کا

3۔ لغت کا

4۔ کتاب کا

58۔ نور الانوار کے متن میں خاص کی اقسام بیان کی ہیں؟

1۔1

2۔2

3۔3

4۔4

59۔ خاص کی اقسام کی تعریف میں اصولیوں کے ساتھ اختلاف کرتے ہیں؟

1۔ منطق والے

2۔ حدیث والے

3۔ علم کلام والے

4۔ علم صرف والے

Scanned with CamScanner

60۔وحکمہ ان یتناول المخصوص قطعاً۔حکمہ میں ہ ضمیر کا مرجع ہے؟

1۔خاص　2۔عام　3۔حقیقت　4۔مجاز

61۔لایحتمل البیان لکونہ بینا۔یحتمل کا مرجع ہے؟

1۔خاص　2۔عام　3۔حقیقت　4۔مجاز

62۔لایجوز الحاق التعدیل بامر الرکوع والسجود علی سبیل الفرض۔۔۔یہ تفریع ہے؟

1۔عام کی　2۔خاص کی　3۔مشترک کی　4۔موول کے

63۔رکوع و سجود میں تعدیل ارکان فرض ہونے میں احناف کے مخالف ہیں؟

1۔امام شافعی　2۔امام مالک　3۔امام احمد بن حنبل　4۔معتزلہ سے

64۔امام شافعی فرماتے ہیں کہ رکوع اور سجود میں تعدیل ارکان۔۔۔۔۔۔ہے؟

1۔واجب　2۔فرض　3۔مستحب　4۔مباح

65۔احناف کے نزدیک نماز میں تعدیل ارکان ہے۔؟

1۔واجب　2۔فرض　3۔مستحب　4۔مباح

66۔الجبھۃ کا معنیٰ ہے؟

1۔سر　2۔پیشانی　3۔رخسار　4۔گھٹنہ

67۔نماز میں مطلقاً قرات کرنا۔۔۔۔۔ہے؟

Scanned with CamScanner

1۔ فرض　2۔ واجب　3۔ سنت　4۔ مستحب

68۔ وضو کو پے در پے کرنا شرط ہے۔۔۔۔۔ کے نزدیک؟

1۔ امام ابو یوسف　2۔ امام مالک　3۔ امام کرخی　4۔ امام شافعی

69۔ وضو میں ترتیب اور نیت شرط ہے۔۔۔۔۔ کے نزدیک؟

1۔ امام اعظم　2۔ امام محمد　3۔ امام شافعی　4۔ امام مالک

70۔ وضو میں تسمیہ شرط ہے۔۔۔۔۔ کے نزدیک؟

1۔ معتزلہ　2۔ اصحاب ظواہر　3۔ احناف　4۔ مالکیہ

71۔ الاسالہ کا معنی ہے؟

1۔ بہانا　2۔ روکنا　3۔ پہنچانا　4۔ دھونا

72۔ الاصابہ کا معنی ہے؟

1۔ بہانا　2۔ روکنا　3۔ پہنچانا　4۔ دھونا

73۔ جو چیز خبر واحد سے ثابت ہو وہ واجب ہے کیونکہ خبر واحد؟

1۔ قطعی ہے　2۔ ظنی ہے　3۔ حقیقی ہے　4۔ ظاہری ہے

74۔ جو چیز قطعی دلائل سے ثابت ہو وہ ہوتی ہے؟

1۔ فرض　2۔ واجب　3۔ سنت　4۔ مباح

Scanned with CamScanner

75۔ بالاجماع وضو میں نہیں ہے؟

1۔ فرض　　2۔ واجب　　3۔ سنت　　4۔ مکروہ

76۔ وضو عبادت ۔۔۔۔۔۔ ہے؟

1۔ مقصودہ　　2۔ غیر مقصودہ　　3۔ ظاہری　　4۔ باطنی

77۔ طواف بیت اللہ میں سات چکر ہیں اور ہر چکر کی ابتدا کرنا حجر اسود سے کس دلیل سے ثابت ہے؟

1۔ خبر متواتر　　2۔ خبر مشہور　　3۔ خبر واحد　　4۔ قیاس

78۔ بغیر طہارت کے بیت اللہ کا طواف کرنا جائز نہیں یہ موقف ہے؟

1۔ احناف کا　　2۔ امام شافعی کا　　3۔ امام مالک کا　　4۔ امام کرخی کا

79۔ خبر مشہور سے کتاب اللہ پر زیادتی کرنا بالاتفاق؟

1۔ جائز ہے　　2۔ ناجائز ہے　　3۔ مکروہ ہے　　4۔ حرام ہے

80۔۔ لفظ قروء مشترک ہے؟

1۔ ظاہر و باطن میں　　2۔ حیض و طہر میں　　3۔ اول آخر میں　　4۔ جائز ناجائز میں

81۔ امام شافعی کے نزدیک قروء سے مراد ہے؟

1۔ حیض　　2۔ طہر　　3۔ دونوں　　4۔ کوئی نہیں

82۔ امام اعظم کے نزدیک قروء سے مراد ہے؟

Scanned with CamScanner

1۔ حیض　2۔ طہر　3۔ دونوں　4۔ کوئی نہیں

83۔ الابانۃ عن الرسغ یہ معنی ہے؟

1۔ قطع کا　2۔ وضع کا　3۔ نظر کا　4۔ رحم کا

84۔ فاقطعوا ایدیھما جزاء بما کسبا اس میں خاص لفظ کیا ہے؟

1۔ فاقطعوا　2۔ ایدیھما　3۔ جزاء　4۔ بما کسبا

85۔ خلع فسخ نکاح ہے کس کے نزدیک؟

1۔ امام اعظم　2۔ امام شافعی　3۔ امام مالک　4۔ امام زفر

86۔ خلع طلاق ہے کس کے نزدیک؟

1۔ امام اعظم　2۔ امام شافعی　3۔ امام مالک　4۔ صاحبین

87۔ فان طلقھا میں خاص لفظ کیا ہے؟

1۔ ف　2۔ ان　3۔ طلق　4۔ ھا

88۔ بغیر ولی کے عورت کا نکاح درست نہیں ہے کس کے نزدیک؟

1۔ امام اعظم　2۔ امام شافعی　3۔ امام مالک　4۔ صاحبین

89۔ احل لکم ما وراء ذلکم ان تبتغوا باموالکم (میں خاص لفظ ہے)؟

1۔ احل　2۔ وراء　3۔ تبتغوا　4۔ ب

Scanned with CamScanner

90۔ حق مہر بندوں کی رائے کے سپرد ہے کس کے نزدیک؟

1۔ امام شافعی
2۔ صاحبین
3۔ امام اعظم
4۔ امام مالک

91۔ امام شافعی حق مہر کو تشبیہ دیتے ہیں؟

1۔ ثمن سے
2۔ مبیع سے
3۔ راس المال سے
4۔ اجارہ سے

92۔ شریعت میں حق مہر کی کم از کم مقدار ہے؟

1۔ پانچ درھم
2۔ دس درھم
3۔ بیس درھم
4۔ کوئی نہیں

93۔ قول القائل لغیرہ علی سبیل الاستعلاء افعل یہ تعریف ہے؟

1۔ امر کی
2۔ نہی کی
3۔ حقیقت کی
4۔ مشترک کی

94۔ علی سبیل الاستعلاء کہنے سے خارج ہو جائیں گے؟

1۔ التماس
2۔ دعا
3۔ دونوں
4۔ کوئی نہیں

95۔۔۔ اگر حکم دینے والا بلند مرتبہ نہ ہو تو اس چیز کو کہتے ہیں؟

1۔ ادب
2۔ بے ادبی
3۔ چاہت
4۔ اپنائیت

96۔۔۔ امر کا موجب ہے؟

1۔ وجوب
2۔ ندب
3۔ مستحب
4۔ مباح

97۔۔۔ صوم وصال کا مطلب ہے؟

Scanned with CamScanner

1۔لگاتار روزہ رکھنا 2۔ہر مہینے ایک روزہ 3۔تین ماہ بعد روزہ 4۔ہفتے میں ایک روزہ

98۔۔۔خلع النعال کا معنی ہے؟

1۔جوتے اتارنا 2۔جوتے پہننا 3۔جوتے خریدنا 4۔جوتے چرانا

99۔۔۔کبھی کبھار فعل کو امر کہتے ہیں کیونکہ وہ اس کا ہوتا ہے؟

1۔سبب 2۔مسبب 3۔علت 4۔حکم

100۔۔۔امر کتنے معنی کے لئے آتا ہے؟

1۔بارہ 2۔سولہ 3۔اٹھارہ 4۔اکیس

101۔حضور علیہ السلام کے فعل سے بھی وجوب ثابت ہوتا ہے۔کس کے نزدیک؟

1۔امام اعظم 2۔امام شافعی 2۔امام مالک 4۔امام محمد

102۔وموجبه الوجوب سواء کان بعد الحظر او قبله۔۔یہ مؤقف ہے؟

1۔امام اعظم 2۔امام شافعی 2۔امام مالک 4۔امام محمد

103۔امر وجوب کے لئے آتا ہے نور الانوار میں اس کے دلائل بیان ہوئے ہیں؟

1-2 2-3 3-4 4-5

104۔جواز الفعل مع حرمت الترک۔۔۔یہ معنی ہے؟

1۔وجوب کا 2۔اباحت کا 3۔ندب کا 4۔حرمت کا

Scanned with CamScanner

105-جواز الفعل مع جواز الترک۔۔۔یہ معنی ہے؟

1-وجوب کا　2-اباحت کا　3-ندب کا　4-حرمت کا

106-رجحان الفعل مع جواز الترک۔۔۔یہ معنی ہے؟

1-وجوب کا　2-اباحت کا　3-ندب کا　4-حرمت کا

107-ولا یقتضی التکرار ولا یحتمله.. یقتضی میں ھو ضمیر کا مرجع ہے؟

1-اَمر　2-اسم فاعل　3-نہی　4-حقیقت

108-امر تکرار کا احتمال رکھتا ہے۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1-صاحبین　2-امام اعظم　3-امام شافعی　4-امام مالک

109-لکنه یقع علی اقل جنسه ویحتمل کله۔۔۔لکنه میں ہ ضمیر کا مرجع ہے؟

1-امر ہے　2-ندب ہے　3-حقیقت ہے　4-مشترک ہے

110-عبادات کا تکرار ہوتا ہے؟

1-امر کی وجہ سے　2-اسباب کی وجہ سے　3-وقت کی وجہ سے　4-حکم کی وجہ

111-یدل علی المصدر لغة ولا یحتمل العدد.. یہ تعریف ہے؟

1-اسم فاعل کی　2-اسم مفعول کی　3-امر کی　4-وجوب کی

112-امر کے حکم کی کتنی اقسام ہیں؟

Scanned with CamScanner

1-1   2-2   3-3   4-4

113-ھو تسلیم عین ما وجب بالامر.... یہ تعریف ہے؟

1-ادا کی   2-قضاء کی   3-دونوں کی   4-کسی کی نہیں

114-اِخراجه من العدم الی الوجود فی الوقت المعین له... یہ مطلب ہے؟

1-تسلیم کا   2-عین کا   3-واجب کا   4-امر کا

115-ھو تسلیم مثل الواجب به.... یہ تعریف ہے؟

1-اداء کی   2-قضاء کی   3-تسلیم کی   4-اخراج کی

116-قضاء عام ہے ادا اور قضا دونوں میں استعمال ہوتا ہے؟

1-عند الاحناف   2-عند الشوافع   3-عند الخصاف   4-عند فخر الاسلام

117-قضا اسی چیز کے ساتھ واجب ہوتی ہے جس سے ادا واجب ہوتی ہے؟

1-عند الاحناف   2-عند المحققین   2-عند الاصولیین   4-عند الشوافع

118-قضاء کے لئے سبب جدید کا ہونا ضروری ہے؟

1-امام شافعی   2-صاحبین   3-امام مالک   4-معتزلہ

119-صوم مقصود سے کیا مراد ہے؟

1-صوم فرض   2-صوم واجب   3-صوم نفل   4-صوم مکروہ

Scanned with CamScanner

120۔ والاداء انواع ۔۔۔۔۔ ادا کی اقسام ہیں شارع کے نزدیک؟

1۔ 1　　2۔ 2　　3۔ 3　　4۔ 4

121۔ نماز کو جماعت سے پڑھنا ۔۔۔۔۔ یہ مثال ہے؟

1۔ اداء کامل کی　　2۔ اداء قاصر کی　　3۔ اداء شبہ بالقضاء کی　　4۔ کسی کی نہیں

122۔ نماز کو تنہا پڑھنا ۔۔۔۔ یہ مثال ہے؟

1۔ اداء کامل کی　　2۔ اداء قاصر کی　　3۔ اداء شبہ بالقضاء کی　　4۔ کسی کی نہیں

123۔ لاحق کا امام کے بعد نماز مکمل کرنا مثال ہے؟

1۔ اداء کامل کی　　2۔ اداء قاصر کی　　3۔ اداء شبہ بالقضاء کی　　4۔ کسی کی نہیں

124۔ عین مغصوبہ کو لوٹانا مثال ہے؟

1۔ اداء کامل کی　　2۔ اداء قاصر کی　　3۔ اداء شبہ بالقضاء کی　　4۔ کسی کی نہیں

125۔ عین مغصوبہ کو اس حالت میں واپس کرنا کہ اس میں جنایت ہو ۔۔۔۔ یہ مثال ہے؟

1۔ اداء کامل کی　　2۔ اداء قاصر کی　　3۔ اداء شبہ بالقضاء کی　　4۔ کسی کی نہیں

126۔ تمہارے لئے صدقہ ہے ہمارے لئے ہدیہ ہے اس حدیث میں صحابیہ کا نام ہے؟

1۔ حضرت حفصہ　　2۔ حضرت بریرہ　　3۔ حضرت اسماء　　4۔ حضرت ام سلمہ

127۔ قضاء الصوم للصوم یہ مثال ہے؟

Scanned with CamScanner

1۔قضاء مثل معقول 2۔قضاء مثل غیر معقول 3۔قضاء بمعنی اداء

128۔روزے کی قضا میں فدیہ دینا۔۔۔یہ مثال ہے؟

1۔قضاء مثل معقول 2۔قضاء مثل غیر معقول 3۔قضاء بمعنی اداء

129۔عید کی نماز میں تکبیرات کی قضا کرنا رکوع میں یہ مثال ہے؟

1۔قضاء مثل معقول 2۔قضاء مثل غیر معقول 3۔قضاء شبیہ بالاداء

130۔نمازوں میں فدیہ واجب ہونے کی وجہ ہے؟

1۔قیاس 2۔احتیاط 3۔سنت 4۔اجماع

131۔منافع تلف ہونے سے ضمان لازم نہیں ہوتا؟

1۔صاحبین کی نزدیک 2۔امام اعظم کے نزدیک 3۔ان تینوں کے نزدیک 4۔امام شافعی کے نزدیک

132۔منافع تلف ہونے سے ضمان لازم ہوتا ہے؟

1۔عندالاحناف 2۔عندالشوافع 3۔عندالمالکیہ 4۔عندالحنابلہ

133۔مامور بہ کے لئے کون سی صفت کا ہونا ضروری ہے؟

1۔حسن 2۔حسین 3۔التزام 4۔ملزوم

134۔حسن لعینہ کی اقسام ہیں؟

1-1 2-2 3-3 4-4

Scanned with CamScanner CamScanner

135۔ تصدیق باللہ یہ مثال ہے اس حسن کی؟

1۔ یقبل السقوط 2۔ لا یقبل السقوط 3۔ پہلی کے ساتھ ملحق دوسرے کے مشابہ

136۔ صلوۃ... یہ مثال ہے اس حسن کی؟

1۔ یقبل السقوط 2۔ لا یقبل السقوط 3۔ پہلی کے ساتھ ملحق دوسرے کے مشابہ

137۔ زکوۃ... یہ مثال ہے اس حسن کی؟

1۔ یقبل السقوط 2۔ لا یقبل السقوط 3۔ پہلی کے ساتھ ملحق دوسرے کے مشابہ

138۔ قدرت کی کتنی اقسام ہیں؟

1۔ 1 2۔ 2 3۔ 3 4۔ 4

139۔ قدرت مطلقہ کا دوسرا نام کیا ہے؟

1۔ قدرت کاملہ 2۔ قدرت ممکنہ 3۔ قدرت سہل 4۔ قدرت بدن

140۔ قدرت مطلقہ میں شرط ہے کہ مامور بھی کی ادائیگی کے لیے وقت مکمل ہونے کا؟

1۔ وہم ہو 2۔ حقیقت میں ہو 3۔ لازمی ہو 4۔ ضروری ہو

141۔ وقت کا رک جانا؟

1۔ ممکن ہے 2۔ محال ہے 3۔ ناممکن ہے 4۔ مشکل ہے

142۔ اللہ پاک نے حضرت سلیمان کے لیے گھوڑوں کی جگہ مسخر فرمایا تھا؟

Scanned with CamScanner

1۔ پانی کو
2۔ ہوا کو
3۔ آسمان کو
4۔ جنات کو

143۔ یوشع علیہ السلام نے فتح کیا تھا؟

1۔ مکہ کو
2۔ قدس کو
3۔ عراق کو
4۔ شام کو

144۔ حضرت علی کی کون سی نماز قضا ہونے لگی تھی جب سورج کو واپس لوٹایا گیا تھا؟

1۔ ظہر
2۔ عصر
3۔ اشراق
4۔ کوئی نہیں

145۔ قدرت کاملہ کا دوسرا نام ہے؟

1۔ ممکنہ
2۔ سھل
3۔ میسرہ
4۔ مجوزہ

146۔ امر کی کتنی اقسام ہیں؟

1۔ 1
2۔ 2
3۔ 3
4۔ 4

147۔ ہمارے نزدیک امر مطلق محمول ہے؟

1۔ تراخی پر
2۔ تقابل پر
3۔ تباین پر
4۔ تراین پر

148۔ امر مطلق کا موضوع کیا ہے؟

1۔ تیسیر
2۔ تسھیل
3۔ یہ دونوں
4۔ کوئی نہیں

149۔ اللہ پاک کی نعمتیں تقاضا کرتی ہیں؟

1۔ عرض کا
2۔ شکر کا
3۔ دعا کا
4۔ عاجزی کا

Scanned with CamScanner
CamScanner

150۔ زکوۃ زندگی میں جب بھی دیں گے تو وہ ہو گی؟

1۔ ادا 2۔ قضاء 3۔ ادائی معنی قضاء 4۔ قضاء فی معنی ادا

151۔ مشروط کو شرط پر مقدم کرنا جائز ہے اگر وہ شرط ہو؟

1۔ جواز کی 2۔ وجوب کی 3۔ وجود کی 4۔ فرضیت کی

152۔ مشروط کو شرط پر مقدم کرنا جائز نہیں جبکہ وہ شرط ہو؟

1۔ وجوب کی 2۔ جواز کی 3۔ وجود کی 4۔ فرضیت کی

153۔ مسبب کو سبب پر مقدم کرنا؟

1۔ جائز ہے 2۔ ناجائز ہے 3۔ خلاف اولیٰ ہے 4۔ مکروہ ہے

154۔ مطلق نام اور وصف میں خطا ہونے سے درست ہوتا ہے؟

1۔ روزہ 2۔ نماز 3۔ کفارہ 4۔ فدیہ

155۔ مسافر جو بھی نیت کرے گا وہی ادا ہو گا رمضان کا روزہ ادا نہیں ہو گا؟

1۔ عند الشافعی 2۔ عند مالک 3۔ عند الامام اعظم 4۔ عند الصاحبین

156۔ قسم کے کفارے میں اختیار ہے؟

1۔ 3 چیزوں سے 2۔ 4 میں 3۔ 5 میں 4۔ 8 میں

157۔ مقید بالوقت کی اقسام ہیں؟



Scanned with CamScanner

1-1 2-2 3-3 4-4

158۔وقت موری کے لئے معیار ہو لیکن وجوب کے لئے سبب نہ ہو یہ مثال ہے؟

1۔قضاء رمضان کی 2۔اداء رمضان کی 3۔کفارہ قسم کا 4۔منت کا روزہ

159۔نذر معین کا روزہ۔۔۔۔نیت سے ہو جائے گا؟

1۔مطلق نیت سے 2۔نفل نیت سے 3۔دونوں سے 4۔کسی سے نہیں

160۔حج فرض مطلق نیت سے ادا ہو گا نفل نیت سے ادا نہیں ہو گا۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔امام اعظم 2۔امام شافعی 3۔امام مالک 4۔صاحبین

161۔کفار مکلف ہیں؟

1۔معاملات کے 2۔سزا کے 3۔ایمان کے 4۔تینوں کے

Scanned with CamScanner